## سوال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآنی وحی اور غیر قرآنی وحی میں کیسے فرق کرتے تھے ؟ کیا وحی کے ساتھ یہ بھی جبریل علیہ السلام بتاتے تھے ؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے علم کے مطابق احادیث مبارکہ میں اس امر کی وضاحت نہیں ہے کہ آپ قرآن ، سنت اور حدیث قدسی میں فرق کیسے کرتے تھے ، لیکن ایک بات واضح ہے کہ قرآن مجید کے الفاظ کلام الہی اور معجزہ ہیں ، اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قرآن اور غیر قرآن میں فرق کرنا مشکل نہیں ہوگا ۔ عین ممکن ہے جبریل علیہ السلام وضاحت کرتے ہوں ، کیونکہ قرآنی آیات کی ترتیب اللہ تعالی کی طرف سے ہے ، یعنی جبریل علیہ السلام کلام الہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچاتے تھے ، اور یہ بھی بتاتے تھے کہ یہ آیت کس سورت میں ، کس آیت کے بعد رکھنی ہے ، اس امر سے بھی قرآن اور غیر قرآن میں فرق کرنا ممکن تھا کیونکہ حدیث قدسی وغیرہ میں ترتیب کا کوئی ایسا معاملہ نہیں تھا ۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ عطاء الرحمن علوی